SAQE

SOCIETY FOR ACCESS TO QUALITY EDUCATION

20
24

# EQUITABLE EDUCATION FINANCING IN PAKISTAN



## Primer

# Introduction

Equitable education financing is crucial for ensuring that all children in Pakistan, regardless of socio-economic status or gender, have access to quality education. The country faces significant disparities in educational opportunities, exacerbated by low public expenditure, and inefficient resource allocation. Public expenditure on education has historically been below 2% of GDP, far below the international benchmark of 4%, leading to inadequate educational resources, particularly for poor children. This primer outlines the current state of equitable education financing in Pakistan, highlights the challenges and initiatives, and presents future pathways to address these issues.

# Initiatives and Challenges

- **Teacher Recruitment and Infrastructure Development:** Across the country, there are efforts to address the acute shortage of teachers and the inadequacies in school infrastructure. For instance, Balochistan's budget includes the creation of new teaching posts and the filling of existing vacancies, which is a critical step towards reducing the teacher shortage and making dormant schools functional again. Similarly, other regions like Khyber Pakhtunkhwa are investing in infrastructure development, with plans to establish new schools and colleges. However, these initiatives often face challenges such as the unequal distribution of teachers, with rural areas suffering from severe shortages, which perpetuates educational inequities.

- **Budget Allocation and Resource Utilisation:** There has been a noticeable increase in the education budgets of various provinces, with Khyber Pakhtunkhwa's education budget seeing a 13% increase. Despite this, the proportion of the provincial budget allocated to education fluctuates, which limits consistent long-term planning. In Punjab, significant funds have been allocated for development projects, including school upgrades and nutrition programmes. However, issues like underutilisation of development funds persist, with large portions of allocated budgets remaining unspent, affecting the timely implementation of projects aimed at improving educational equity.

- **Public-Private Partnerships (PPP) and Targeted Interventions:** Provinces like Sindh have implemented targeted interventions through public-private partnerships to address educational disparities in poorer districts. Programmes such as the Promoting Low-Cost Private Schooling in Rural Sindh (PPRS) have significantly increased school enrolment and improved learning outcomes in targeted areas. These initiatives highlight the potential of PPPs in alleviating the burden on the public education system. However, the effectiveness of these partnerships is often hampered by inefficiencies in budget utilisation and discrepancies between budget estimates and actual expenditures, leading to gaps in the intended impact.

- **Gender Disparities and Marginalised Groups:** Gender disparities remain a critical issue, with targeted programmes such as girls' stipends and subsidies for educational expenses being implemented to address these gaps. Despite these efforts, financial allocations targeting marginalised groups, including girls and children with disabilities, are often insufficient. For example, in Punjab, while there are nearly equal access rates for both genders, disparities in the quality of education and available resources continue to affect female students, particularly in rural areas.

- **Inequitable Distribution of Resources:** The inequitable distribution of educational resources is a recurring challenge across all regions. For instance, Balochistan's education sector receives a smaller budget proportion compared to its needs, exacerbating the already poor educational outcomes in the province. The lack of basic infrastructure, such as electricity and clean water in schools, further impedes the learning environment, particularly in underprivileged districts. Similarly, in Sindh, despite significant budgetary allocations, the actual utilisation of these funds often falls short, with recurrent expenditures taking precedence over the development of new educational infrastructure.

# Future Pathways

## Expand and Strengthen Girls' Stipend Programme



Substantially increase the outreach and coverage of girls' stipend programmes, ensuring that all eligible girls, particularly from marginalised and underserved communities, benefit from financial assistance. Regularly adjust the stipend amounts to reflect inflation, maintaining their purchasing power and effectiveness in covering educational expenses. This will help to close the gender gap in education and ensure that girls from poor families can continue their education.

## Comprehensive Subsidies for Educational Expenses



Implement broad-based subsidy programmes to cover all indirect costs associated with education, such as transportation, uniforms, and stationery. These subsidies should be facilitated through existing social safety nets like the Benazir Income Support Programme (BISP) or the Ehsaas Cash Programmes, initiated during the pandemic in 2020, to alleviate the financial burden on poor families and ensure that education is genuinely accessible to all.

## Targeted Investment for Marginalised Groups




Prioritise the development budget for education towards marginalised districts to uplift their education indicators with the rest of the country. This includes funds for more schools, better facilities, and stipends and scholarships for students from disadvantaged backgrounds to enrol and complete their education at least until the 12th grade. Such targeted investment is essential for addressing the educational disparities that exist between different regions and communities in Pakistan.

## Commitment to Adequate Education Financing




Firmly commit to allocating a minimum of 4% of GDP to the education sector, recognising this investment as critical to addressing Pakistan's educational challenges. This level of funding is essential for developing the necessary infrastructure, recruiting and training additional teachers, and upgrading facilities to accommodate the 26 million out-of-school children. The responsibility lies with the Federal Government to bolster revenue streams and close the funding gap by an additional 2 percentage points, which is crucial for achieving universal education in Pakistan.

## Increased Public-Private Partnerships



Public-Private Partnership (PPP) programmes across provinces are increasingly playing a crucial role in alleviating the burden on the public education system by enabling the private sector to assist in enrolling out-of-school children. However, it is imperative that these programmes maintain a clear focus on ensuring the government's continued responsibility in this partnership. The government must remain committed to covering tuition fees and associated costs for children from low-income families, thereby enabling their sustained access to education. Additionally, robust assessment and monitoring mechanisms should be developed and implemented to ensure that private schools participating in these partnerships provide high-quality education adhering to established standards.

## Performance-Based Budgeting



Implement performance-based budgeting in the education sector, where the allocation of funds is tied to specific outcomes and goals. This approach ensures that resources are used efficiently and effectively, promoting accountability and continuous improvement in educational delivery. Performance-based budgeting can also help to ensure that funding is directed towards the areas where it is most needed, thereby reducing educational disparities.

## Increase of the Development Funding



The proportion of the development budget from the total outlay on education requires a significant increase. Currently, it hovers between approximately 8-15%. A larger development budget is essential for targeted investments in infrastructure, such as building and upgrading schools, particularly in underserved regions. It is also important in hiring more teachers and improving teacher training programmes, as well as providing financial assistance to low-income families. Increasing the development budget will help to address the long-standing deficiencies in Pakistan's education system and ensure that all children have access to quality education.

## Increase Revenue for Education




Enhance revenue generation for the education sector by implementing comprehensive measures to document and digitise the economy, thereby expanding the tax base. By bringing more individuals and businesses into the formal tax brackets, the government can significantly increase its tax revenue. A portion of this additional revenue should be earmarked specifically for education. This will help to ensure that the education sector receives the funding it needs to address the many challenges it faces and to achieve equitable educational outcomes.

---

## Enhancing Efficiency in Fund Utilisation



Address the chronic issue of lapsed education funds by streamlining bureaucratic processes and reducing delays in fund disbursement. This can be achieved by overhauling the tender and contracting procedures, which often impede timely infrastructure development and other critical projects. Introduce clear timelines, coupled with stringent accountability measures, to ensure that funds are allocated and utilised based on actual needs and that projects are completed within the stipulated time frames. Improving the efficiency of fund utilisation will help to ensure that the education sector receives the resources it needs to improve educational outcomes for all children.

---

## Linking Education Financing to Equity Outcomes



Establish a framework that links education financing to specific equity outcomes, such as reducing the gender gap in school enrolment and improving access for children with disabilities. Funding allocations should be tied to the achievement of these outcomes to ensure that financial resources directly contribute to reducing disparities. By linking education financing to equity outcomes, Pakistan can ensure that its education system becomes more inclusive and that all children, regardless of their background, have the opportunity to succeed.

---

## Youth-led Advocacy Campaign on Equitable Financing



Civil society organisations should actively prioritise the involvement of youth as the frontline voice in their advocacy programs and engagements. It's crucial that the activities and events they organise provide young people with meaningful opportunities to interact with policymakers and political leaders. Ensuring the participation of youth from diverse backgrounds will bring a broader representation of regional voices and issues, making advocacy efforts more inclusive and reflective of the entire country's needs. Youth-led advocacy can play a critical role in driving the reforms needed to achieve equitable education financing in Pakistan.

---

آمدنی والے گھرانوں کو مالی مدد دینے کے لئے بھی اہم ہے ۔ ترقیاتی بجٹ میں اضافے سے پاکستان میں تعلیمی شعبے میں طویل عرصے سے موجود خامیوں کو دور کرنے اور بچوں کی معیاری تعلیم تک رسائی کو یقینی بنانے میں بھی مدد ملے گی۔




## تعلیم کے لئے محصولات میں اضافہ

معیشت کودستاویزی بنانےاورڈیجیٹل ٹیکنالوجی اپنانےکے لئے جامع اقدامات کرکے تعلیمی شعبے کے لئے محصولات کو بڑھایا جائے۔ٹیکس کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئےاضافی ٹیکس آمدنی کے ایک حصے کو خصوصی طور پرتعلیم کے لئے مختص کیا جانا چاہئے تاکہ تعلیم کے شعبے کو بے شمار چیلنجز سے نمٹنے اور منصفانہ تعلیمی نتائج کے حصول کے لئے فنڈنگ ملے ۔



## فنڈز کے محتاط استعمال کا فروغ

تعلیمی فنڈز کے بغیراستعمال ہوئے واپس ہوجانے کے دیرینہ مسئلے کو حل کرنے کے لیے بیوروکریسی کے عمل کو سہل بنایا جائے تاکہ فنڈز کے اجراء میں تاخیر کو کم کرکےاسکا موثر استعمال کیا جاسکے ۔ اس کے لئے ٹینڈر اور ٹھیکوں کے طریقِ کار کی اصلاح کی جائے جس کی وجہ سے انفرا سٹرکچر کی تعمیراور دوسرے اہم منصوبوں پراکثربروقت کام نہیں ہو پاتا۔ واضح ٹائم لائن تیار کی جائے اور جوابدہی کے سخت اقدامات اپنائے جائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ فنڈزاصل ضروریات کے لئے ہی مختص ہوں اور استعمال کیے جائیں اور منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔ فنڈز کے درست استعمال سے اس بات کو یقینی بنایا جاسکتا ہے کہ تعلیمی شعبے کو وہ وسائل ملیں جوتعلیمی نتائج کو بہتر بنانے لئے ضرورت ہے۔



## تعلیم کے مالی وسائل کے لیےمساوات مشروط کرنا

ایک ایسا فریم ورک بنایا جائے جس میں مالی وسائل کی فراہمی منصفانہ تعلیم کے مخصوص مقاصد سے منسلک ہو مثلاًاسکولوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کی تعداد میں فرق کو گھٹانا اور معذور بچوں کی اسکولوں تک رسائی کو بہتر بنانا۔ فنڈز کی فراہمی کو ان مقاصد کے حصول سے مشروط ہونا چاہئے تاکہ یہ مالی وسائل تعلیمی عدم مساوات کو دور کرنے میں براہ راست حصہ ڈالیں۔ تعلیم کے لئے مالی وسائل کو منصفانہ نتائج سے منسلک کرکے پاکستان اس بات کو یقینی بنا سکتا ہے کہ اس کا تعلیمی نظام زیادہ شمولیتی ہو اور تمام بچوں کو کامیابی کے مواقع حاصل ہوں، خواہ وہ کسی بھی طبقےسے تعلق رکھتے ہوں۔

## نوجوانوں کی قیادت میں وسائل کی منصفانہ تقسیم کے لئے مہم



سول سوسائٹی تنظیموں کو چاہئے کہ وہ اپنے ایڈووکیسی پروگراموں اور سرگرمیوں میں نوجوانوں کی آواز کو شامل کرنے کو ترجیح بنائیں۔ یہ بات بے حد اہم ہے کہ یہ تنظیمیں جو تقریبات منعقد کریں ان میں نوجوانوں کو پالیسی سازوں اور سیاسی لیڈروں سے بامقصد بات چیت کے مواقع دیے جائیں۔ مختلف طبقات و علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی شمولیت سے علاقائی آوازوں اور مسائل کو وسیع تر نمائندگی ملے گی۔ اس سے ایڈووکیسی کی کوششیں زیادہ شمولیتی ہوں گی اور پورے ملک کی ضروریات کی عکاسی کر یں گی۔ نوجوانوں کی قیادت میں کی گئی ایڈووکیسی پاکستان میں تعلیم کے لئے مالی وسائل کی منصفانہ تقسیم کی اصلاحات میں بے حد اہم رول ادا کر سکتی ہے۔

## پسماندہ طبقات کے لئے مخصوص سرمایہ کاری



ترقیاتی بجٹ میں پسماندہ اضلاع میں تعلیم کو ترجیحی حیثیت دی جائے تاکہ ان کے تعلیمی اشاریے بلند ہوکر باقی اضلاع کے برابرپہنچ سکیں۔ ان بجٹ کو مزید اسکولوں کے قیام، بہتر سہولیات میسر کرنے کے ساتھ ساتھ پسماندہ طبقات کے طالب علموں کے لیے وظائف اور سکالرشپ کی فراہمی اورپسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے طلباء و طالبات کے لئے وظائف اور سکالر شپ کی بنیا د پردیے جانے والے وظائف کے لئے استعمال کیا جائے، جس سے وہ کم از کم بارھویں جماعت تک تعلیم حاصل کر سکیں۔

---

## ضرورت کے مطابق تعلیمی فنڈز کی فراہمی



پاکستان کے تعلیمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تر جیحی بنیاد پر تعلیمی شعبے کے لئے کل قومی پیداوار(جی ڈی پی) کا کم از کم 4 فیصد مختص کیا جائے گا۔بجٹ میں یہ اضافہ ضروری انفراسٹرکچرکی تیاری، اساتذہ کی بھرتی و تربیت اور سہولیات میں بہتری لانے کے لئے لازمی ہے تاکہ اسکول نہ جا پانے والے 2 کروڑ60 لاکھ بچوں کو اسکولوں میں لایا جاسکے۔ یہ ذمہ داری وفاقی حکومت پر عائد ہوتی ہے کہ وہ وسائل میں اضافہ کرے اور فنڈنگ میں موجود دو فیصد کی کمی کو دور کرے۔

---


## سرکاری و نجی شراکت داری میں اضافہ



صوبوں میں سرکاری و نجی شراکت داری کے پروگرام سرکاری تعلیمی نظام پر بوجھ کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں اورنجی شعبہ، اسکول نہ جا پانے والے بچوں کواسکولوں میں داخلے میں مدد دے رہا ہے۔ تاہم یہ اشد ضروری ہے کہ یہ شراکت داری پروگرام کے اندر حکومت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے۔ حکومت کوکم آمدنی والے گھرانوں کے بچوں کی فیس اور متعلقہ اخراجات پورے کرنے کے لئے پابند رہنا چاہئے تاکہ بچوں کی تعلیم تک رسائی کو یقینی بنایا جاسکے ۔ اس کے علاوہ جائزے اور مانیٹرنگ کا موثر نظام بنایا اور لاگو کیاجانا چاہئے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ شراکت داری میں شامل نجی اسکول معیاری تعلیم فراہم کریں اور طے شدہ معیارات کی پابندی کرتے رہیں۔

---


## کارکردگی کی بنیاد پر بجٹ کی فراہمی



تعلیمی شعبے میں کارکردگی کی بنیادپر بجٹ کی فراہمی کرنے کا نظام نافذ کیا جائے،جس میں فنڈز کی فراہمی مقررہ نتائج اور اہداف کے حصول سے مشروط ہو۔ یہ طریق کاراس بات کو یقینی بناتا ہے کہ وسائل موثر اور بہتر انداز میں استعمال ہوں،احتساب کو فروغ ملے اورتعلیم کی فراہمی من مسلسل بہتری آئے۔ کارکردگی کی بنیادپر بجٹ کی فراہمی اس بات کو یقینی بنانے میں بھی مدد کر سکتی ہے کہ فنڈز ان علاقوں کو منتقل ہوں جہاں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے اس سے تعلیمی عدم مساوات میں کمی آئے گی۔

---

## ترقیاتی بجٹ میں اضافہ



تعلیم کے لئے مختص کل رقوم میں ترقیاتی بجٹ کے تناسب سے خاطر خواہ اضافہ کیا جائے۔ اس وقت یہ شرح 8 سے 15فیصد کے درمیان ہے۔ ترقیاتی بجٹ میں اضافہ انفرا سٹرکچر مثلاًعمارات اور پسماندہ علاقوں میں اسکولوں کی حالت زار بہتر بنانے کے لئے بے حد ضروری ہے۔مزید براں یہ اساتذہ بھرتی اور انکے تربیتی پروگراموں کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ کم

**سرکاری و نجی اشتراک اورمقررہ اہداف کے لئے مداخلتیں**: صوبہ سندھ میں سرکاری ونجی اشتراک (Public-Private Partnerships) کےتحت خصوصی اہداف کے لئے مداخلتیں کی گئی ہیں تاکہ غریب تر اضلاع میں تعلیمی عدم مساوات کو دور کیا جاسکے۔ دیہی سندھ میں کم لاگت میں نجی اسکولوں کی تعلیم کے فروغ کے پروگرام (Promoting Low-Cost Private Schooling in Rural Sindh) کی وجہ سے پسماندہ علاقوں میں اسکولوں میں داخلہ لینے والے بچوں کی تعدادمیں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اورتعلیمی نتائج بہتر ہوئے ہیں۔ ان اقدامات سے ظاہر ہوتا ہے کہ سرکاری و نجی اشتراک کے ذریعے سرکاری تعلیمی نظام پر بوجھ کو کم کیا جا سکتا ہے۔ تاہم بجٹ کے غیر موثر استعمال اورتخمینہ لاگت اور اصل اخراجات کے درمیان فرق اس اشتراک کی افادیت پراثرانداز ہوکرمطلوبہ نتائج کے حصول کو غیر یقینی بنا دیتا ہے ۔

**صنفی امتیاز اورپسماندہ طبقات**: صنفی امتیاز ایک اہم مسئلہ ہے ،خصوصی منصوبوں جیسے لڑکیوں کے لئے وظائف اورتعلیمی اخراجات میں رعایات کے ذریعے اس کے خاتمے کی کو ششیں کی جارہی ہے۔ ان کو ششوں کے باوجود پسماندہ طبقات، جن میں لڑکیاں اورمعذوربچے شامل ہیں،کے لئے مختص کردہ فنڈز اکثر ناکافی ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر پنجاب میں جہاں لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم تک رسائی تقریباً یکساں ہے، تعلیم کے معیاراوردستیاب وسائل میں تفاوت خاص طور پر دیہی علاقوں میں طالبات کی تعلیم پر اثر انداز ہوتا ہے۔

**تعلیمی وسائل کی غیرمنصفانہ تقسیم**: تعلیمی وسائل کی نا منصفانہ تقسیم تمام علاقوں میں ایک مسلسل چیلنج ہے۔ مثال کے طور پربلوچستان کے تعلیمی شعبے کواس کی ضروریات کے مقابلے میں کم بجٹ ملتا ہے جس سے صوبے میں پہلے سے ہی بُرے تعلیمی نتائج کی صورتِ حال مزید خراب ہو جاتی ہے۔ خاص طور پر پسماندہ اضلاع کے اسکولوں میں بنیادی انفراسٹرکچر مثلاًبجلی اور پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی تعلیمی ماحول کو متاثر کرتی ہے۔ اسی طرح سندھ میں خاطر خواہ بجٹ مختص کیے جانے کے باوجود، یہ مختص بجٹ اصل مقاصد کے لئے استعمال نہیں ہو پاتا کیونکہ پہلے سے موجود اسکولوں کے رواں اخراجات نئے تعلیمی انفرا سٹرکچر کی تعمیر پر سبقت لے جاتے ہیں۔

# مستقبل کے لئے لائحہ عمل

### لڑکیوں کے لئے وظائف کے نظام کی توسیع



تمام حقدار لڑکیاں خاص طور پر جن کا تعلق پسماندہ اور محروم طبقات سے ہے ،انکے لیے وظائف کے پروگرام کی پہنچ اور پھیلاؤ میں نمایاں اضافہ کیا جائے تاکہ اس مالی امداد سے مستفید ہو سکیں۔ وظائف کی رقوم میں مہنگائی کے تناسب سےتبدیلی کی جائے تاکہ طالبات اپنے تعلیمی اخراجات پورے کر سکیں۔ اس سے تعلیم میں صنفی فرق کو ختم کرنے میں مدد ملے گی اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ غریب خاندانوں کی لڑکیاں اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔

### تعلیمی اخراجات کے لئے جامع رعایتیں (سب سڈی)



رعایتوں کا ایک وسیع البنیاد پروگرام رائج کیا جائے جو تعلیم سے متعلق تمام بلاواسطہ اخراجات مثلاً ٹرانسپورٹ، یونیفارم، اور سٹیشنری وغیرہ کو پورا کریں۔ یہ رعایتیں سماجی تحفظ کے موجودہ پروگرام مثلاً بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام یا 2020 میں کورونا کے دوران شروع ہونے والے احساس کیش پروگرام کے ذریعے فراہم کی جائیں تاکہ غریب گھرانوں پر مالی بوجھ کم ہو اور تعلیم کو تمام لوگوں کے لیے واقعتاً یقینی بنایا جا سکے۔

# تعارف

پاکستان کے تمام بچوں کوان کی سماجی ومعاشی حیثیت یا صنفی امتیاز کے بغیر،معیاری تعلیم تک رسائی دلانے کے لئے ضروری ہے کہ تعلیم کے لئے مالی وسائل کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

پاکستان میں تعلیمی مواقع کے لحاظ سے نمایاں عدم مساوات موجود ہے اور یہ صورتِ حال تعلیم کے لئے سرکاری اخراجات کی کمی اور وسائل کی منصفا نہ تقسم کی وجہ سے مزید ابتر ہوجاتی ہے۔ تاریخی طور پرپاکستان میں تعلیم کے لئے مختص بجٹ کل قومی پیداوار کے 2فیصد سے کم رہا ہے جو کہ بین الاقوامی معیاریعنی 4 فیصد کی نسبت کہیں کم ہے۔ اسی وجہ سے تعلیم کے لئے مختص وسائل، بالخصوص غریب طلباء کے لئے، ناکافی ہیں۔ یہ پرائمر پاکستان میں وسائل کی منصفانہ تقسیم کی موجودہ صورتِ حال کا احاطہ کرتے ہوئے، چیلنجز اوراقدامات کو اُجاگر کرتا ہے اورمستقبل میں مسائل کے حل کے لئے تجاویز پیش کرتا ہے۔

# اقدامات اور چیلنجز

پاکستان نے تعلیمی عدم مساوات کو دور کرنے کے لئے کئی اقدامات کے ذریعے نمایاں کوششیں کی ہیں مگر چیلنجز اب بھی موجود ہیں۔ تمام علاقوں میں تعلیم سے منسلک ایک اہم قومی مسئلہ، تعلیم کے لئے خاطر خواہ فنڈز کی فراہمی ہے۔ مزید یہ کہ ان فنڈز کےاثرات اکثر تقسیم اوراستعمال کے دوران نالائقیوں/غیر زمہ دارانہ روّیوں اور نا انصافیوں کی وجہ سے زائل ہو جاتے ہیں۔

**اساتذہ کی بھرتی اور انفراسٹرکچر کی تعمیر**: ملک بھر میں اساتذہ اور اسکولوں کے انفراسٹرکچر کی کمی کو دور کرنے کے لئے کوششیں کی جارہی ہیں۔ مثال کے طورپر بلوچستان کے بجٹ میں اساتذہ کی نئی اسامیوں اور موجودہ خالی اسامیوں کو پُر کرنے کے لئے رقوم شامل ہیں، جو کہ اساتذہ کی کمی کو دور کرنے اورغیر فعال اسکولوں کو پھر سے فعال بنانے کی جانب ایک ضروری قد م ہے۔ اسی طرح دوسرے علاقوں مثلاًخیبر پختونخوا میں نئے اسکولوں اور کالجوں کے قیام کے لئے انفراسٹرکچر کی تعمیر میں سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔ تاہم ان اقدامات کی راہ میں اکثر چیلنجز کا سامنا ہوتا ہے مثلاً اساتذہ کی غیرمساویانہ تعیناتی کی وجہ سے دیہی علاقوں میں اساتذہ کی شدید کمی ہے اور یہ کمی تعلیم کی فراہمی کومسلسل غیر منصفانہ بنائے ہوئے ہے۔

**بجٹ میں مختص رقوم اور وسائل کا استعمال**: مختلف صوبوں میں تعلیم کے بجٹ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جیسے کہ خیبر پختونخواکےتعلیمی بجٹ میں 13فیصد اضافہ کیا گیا ہے، اسی طرح پنجاب کے بجٹ میں خاصی بڑی رقم ترقیاتی منصوبوں کے لئے رکھی گئی ہے جس میں اسکولوں کو بہتر بنانا اورغذائیت کے پروگرام شامل ہیں۔ لیکن پھر بھی صوبوں میں تعلیمی بجٹ کے لئے رقوم میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے جس کی وجہ سے تسلسل سے طویل مدتی منصوبہ بندی نہیں کی جا سکتی۔ اس طرح مختص کیے گئے بجٹ کا بڑا حصہ خرچ نہ ہونے اورترقیاتی فنڈز کے غیر موثر استعمال کے مسائل موجود ہیں جس سے تعلیم کی منصفانہ فراہمی کے منصوبوں پر بروقت عملدرآمد نہیں ہو سکتا۔

SOCIETY FOR ACCESS TO QUALITY EDUCATION
SAQE

سوسائیٹی فار ایکسس ٹو
کوالیٹی ایجوکیشن (ساقی)

2024

# پاکستان میں تعلیم کے لئے مالی وسائل کی منصفانہ تقسیم

## پرائمر

